

# 14- کون کون کہاں کہاں؟



بشریٰ جماعت سوم کی طالبہ ہے۔ بشریٰ کی جماعت میں، رحیم، ریشما، سلیم کے علاوہ بہت سارے طلبا بھی ہیں۔ وہ سب بینچوں پر قطار میں بیٹھے ہوئے ہیں۔

**آیئے ان کی جماعت کا مشاہدہ کریں !**




■ پہلی قطار میں کون بیٹھے ہیں ؟
■ آخری قطار میں کون بیٹھے ہیں؟
■ درمیانی قطار میں کون بیٹھے ہیں؟

| طالب علم کا نام | آگے | پیچھے | دائیں | بائیں |
|---|---|---|---|---|
| بشریٰ | | | | |
| مسرت | | | | |
| اِسمٰعیل | | | | |
| رحیم | | | | |


درج بالا جدول میں دیئے گئے نام پڑھیئے۔ ان کے آگے، پیچھے، دائیں، بائیں کون کون ہیں لکھئے؟



بشریٰ کی کمرہ جماعت کا ہم مشاہدہ کر چکے ہیں! بشریٰ کی جماعت میں کون کہاں بیٹھتے ہیں اپنے دوستوں سے مباحثہ کر کے اُن کے نام ذیل کی تصویر میں لکھئے؟



© SCERT not to be republished





ہم لکھ چکے ہیں کہ بشریٰ کی کمرہ جماعت میں کون کہاں بیٹھے ہیں! آپ کی جماعت میں کتنے بچے ہیں۔ وہ کہاں بیٹھتے ہیں کیا آپ اُن کی نشاندہی کر سکتے ہیں؟ ذیل کی چار دیواری کو اپنا کمرہ جماعت تصور کیجئے جوابات لکھئے ؟


- تختہ سیاہ کہاں ہے ؟
- کرسی کہاں ہے؟
- میز کہاں ہے؟
- پہلی قطار میں بیٹھے طلبا کے نام لکھئے۔
- دیگر قطاروں میں بیٹھے طلباء کے نام لکھئے۔

تختہ سیاہ

اپنی جماعت میں بیٹھے طلباء کے نام اور ان کے مقام آپ لکھ چکے ہیں۔


آیئے اب بشریٰ کے اسکول کا مشاہدہ کریں گے !






© SCERT not to be republished


کیا آپ جانتے ہیں، بشریٰ کے اسکول کی عمارت اس طرح بھی اُتاری جاسکتی ہے۔آیئے اسکول کا نقشہ دیکھیں۔




©SCERT not to be republished

بشریٰ کے اسکول کے نچلے حصے میں سات کمرے ہیں۔اُسی طرح بالائی منزل پر بھی سات کمرے ہیں۔کھلی جگہ پر آٹھ ناریل کے درخت ہیں۔اس اسکول کے نقشہ کو درج بالا طریقہ پر اشاروں سے اُتار سکتے ہیں۔تو پھر آپ کے اسکول میں کتنے کمرے ہیں؟ خالی جگہوں پر کونسے درخت ہیں کتنے درخت ہیں۔


- آپ بھی اپنے اسکول کے نقشہ کو درج بالا طریقہ سے سفید کاغذ پر اُتاریئے۔
- نقشہ اُتارنے سے قبل درختوں کے لئے ایک نشان قائم کرلیجئے۔
- کمرہ جماعت میں جہاں کہیں دروازے ہوں اُسے درجہ بالا تصویر میں بتائے گئے طریقہ پر اُتاریئے۔
- اسکول کے لئے سرحدی دیوار، داخلی دروازہ اور جھنڈے کا مقام کہاں ہے۔تصویر میں نشانات لگایئے۔




بشریٰ روزانہ اسکول پیدل جاتی ہے، اسکے گاؤں میں کونسی چیزیں دکھائی دے رہی ہیں؟ درج ذیل نقشہ دیکھ کر بتائیے کہ وہ اسکول جس راستہ سے گذرتی ہے اس راستہ میں کیا چیزیں موجود ہیں۔ ذیل کی تصویر دیکھئے آپ کے دوستوں سے مباحثہ کیجئے :





- اسکول سے کس کا گھر قریب ہے؟ بشریٰ کا یا ریشما کا ؟
- بشریٰ کو پارک کے راستے اسکول جاتے وقت کیا کیا چیزیں راستہ میں دکھائی پڑتی ہیں؟
- بشریٰ کن کن راستوں سے اسکول جاسکتی ہے لکیریں کھینچ کر بتائیے ؟



ایک علاقہ میں پائے جانے والے مکانات، اسکول، دواخانہ، بورویل وغیرہ جیسے ہوتے ہیں انہیں جوں کا توں بتانا ممکن نہیں ہوتا اس لئے انہیں علامتوں سے ظاہر کرتے ہیں ؟



## دی گئی علامتوں کے ذریعہ بشریٰ کے گاؤں کے نقشہ میں کونسی چیزیں کہاں واقع ہیں، بتایئے:





© SCERT not to be republished

آپ بشریٰ کے گاؤں کا نقشہ دیکھ چکے ہیں! اس نقشہ میں علامتیں استعمال کی گئی ہیں۔ کیا آپ اپنے گھر سے اسکول تک کے راستہ کا نقشہ اُتار سکتے ہیں؟ اس کے لئے ذیل کی ہدایتوں پر عمل کیجئے۔

- پہلے اپنے اسکول کو درمیان میں بتایئے۔ اُسے علامت (S) سے ظاہر کیجئے۔
- آپ کے اسکول سے گھر کس سمت ہے بتایئے۔ اُسے علامت سے ظاہر کیجئے۔
- اسی طرح آپ کے دوستوں کے مکانات بھی شناخت کیجئے انہیں بھی علامتوں سے ظاہر کیجئے۔
- اب آپ کے مکان سے اسکول تک راستہ بنایئے (اُتاریئے)
- اسی طرح آپ کے دوستوں کے گھروں سے بھی اسکول تک راستہ بتایئے

(اُتاریئے) :



اب آپ کے گھر سے اسکول کے راستہ میں بائیں اور دائیں جانب کیا کیا ہے دیکھئے ؟

اگر درخت ہوتو کا نشان لگا ئیے۔ مندر ہوتو کا نشان لگا ئیے۔

مسجد ہوتو کا نشان لگا ئیے۔ چرچ ہوتو کا نشان لگا ئیے۔

پوسٹ آفس ہوتو (PO) کا نشان لگا ئیے۔ دواخانہ ہوتو (H) کا نشان لگا ئیے۔

اور چمن ہوتو کا نشان لگا ئیے۔

آپ اپنے اسکول سے گھر تک کا راستہ نقشہ میں دیکھ چکے ہیں! اسی طرح آپ کے گاؤں کا نقشہ اُتار سکتے ہو۔اس طرح آپ کے گاؤں کا یا کسی علاقہ کا نقشہ علامتوں کے استعمال سے اُتار سکتے ہیں۔


## کلیدی الفاظ

1. نقشہ    2. علاقہ    3. علامتیں
4. آگے پیچھے    5. راستہ

### ہم یہ سیکھ چکے ہیں :

- کمرہ جماعت،اسکول، گلی، گاؤں/محلّہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس طرح تمام نقشے اُتار سکتا ہوں    ہاں/نہیں
- نقشہ میں اسکول، دواخانہ، چمن وغیرہ علامتوں سے ظاہر کر سکتے ہیں۔    ہاں/نہیں
- ایک مقام سے دوسرے مقام جانے کے لئے علامتیں مددگار ہوتی ہیں۔ وضاحت کر سکتا ہوں    ہاں/نہیں

**یہ کیجئے :**



تصورات کی تفہیم :


1. جب آپ اپنے مکان سے اسکول کے لیے نکلتے ہیں تو کونسی چیزیں کس جانب ہوتی ہیں؟

- دائیں جانب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ○ بائیں جانب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

2 آپ کے گھر کے کس جانب کس کے مکانات ہیں بتا ئیے۔

| دائیں جانب | بائیں جانب | آگے | پیچھے |
|---|---|---|---|
| | | | |









© SCERT not to be republished



## نقشہ جاتی مہارتیں :

1. **نقشہ دیکھئے ۔**




...... علامتوں کی بنیاد پر رحیم کے گاؤں میں کیا کیا ہے بتائیے ؟

...... رحیم کے مکان سے دواخانہ جانے کے راستہ کی نشاندہی کیجیے ؟

...... رحیم کے مکان سے اسکول جانے کا راستہ بتائیے ؟

2. آپ کے مکان سے اسکول جانے کا راستہ نقشہ بنائیے۔



## معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں۔منصوبہ کام :

آپ کے گاؤں/گلی میں کیا کیا ہیں تفصیلات اکٹھا کیجئے ۔(پوسٹ آفس،اسکول،مندر،بنک،راشن کی دکان،دواخانہ وغیرہ) ایک ایک کے لئے الگ ایک علامت مختص کیجئے ۔آپ کے گاؤں/گلی کے راستے اور سڑک اُتاریئے۔کونسی چیز کہاں ہیں علامتوں سے نقشہ میں بتائیے۔گاؤں/گلی کا نقشہ تیار کیجئے۔




## سوال کیجئے :

1. بشریٰ اوران کے تمام ساتھی گاؤں کا نقشہ اُتارنا چاہتے ہیں۔اس کے لیے وہ سب اپنے ٹیچر کے پاس گئے۔ٹیچر کو مختلف سوالات پوچھے۔اُسی طرح آپ بھی اپنے گاؤں/گلی کا نقشہ اُتارنے کے لئے ٹیچر سے کون کونسے سوالات پوچھیں گے؟ وہ لکھئے ؟




## کیا میں یہ کرسکتا/کرسکتی ہوں؟

| | |
|---|---|
| ❍ میں نقشہ پڑھ سکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| ❍ نقشہ میں بتائی گئی علامتوں کو سمجھ سکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| ❍ گھر سے اسکول تک کے راستے کا نقشہ اُتارسکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| ❍ جماعت،اسکول کے نقشے اُتارسکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| ❍ گاؤں کا نقشہ اُتارنے کے لیے سوالات کرسکتا ہوں | ہاں/نہیں |




© SCERT not to be republished